کرنے کا اہل بنانے کیلئے، تینوں فوجوں کا منظرنامہ تیار کرنے میں مدد ملے گی نیز ہماری علاقائی سالمیت اور قومی خود مختاری کی حفاظت کے عزم اور اہلیت میں استحکام پیدا ہوگا۔ تقریب میں فوج کی تینوں شاخوں کے ہیڈ کوارٹرز ، فوجی امور کے محکمے، مربوط دفاعی عملے کے صدر دفاتر کے افسران اور عملے کے سربراہان کی کمیٹی کی مختلف ذیلی کمیٹیوں کے ارکان نے شرکت کی۔ x

Bhubneswar PM Odisha

وزیر اعظم اور BJP کے سینئر رہنما نریندر مودی نے آج کہا کہ 4 جون کو عام انتخابات کے نتائج کے اعلان کے بعد کانگریس پارٹی، لوک سبھا میں ایک تسلیم شدہ اپوزیشن پارٹی کے طور پر ختم ہوجائے گی۔ آج صبح اوڈیشہ کے کندھمال ضلع میں پھول بنی کے مقام پر ایک انتخابی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ BJP کی قیادت میں NDA اتحاد اِس چناؤ میں 400 سے زیادہ سیٹیں جیتے گا جبکہ کانگریس پارٹی 50 سے بھی کم سیٹیں جیتے گی۔ انھوں نے کہا کہ کانگریس کی بیمار ذہنیت کے سبب جموں و کشمیر کے عوام نے کئی دہائیوں تک جد و جہد کی۔ انھوں نے مزید کہا کہ بھارت وہ دور کبھی نہیں بھولے گا جب ملک میں اکثر و بیشتر دہشت گردانہ حملے ہوتے تھے اور کانگریس کے رہنما دہشت گردوں کے ساتھ بیٹھا کرتے تھے۔

جناب مودی نے مزید کہا کہ چھبیس/ گیارہ حملے کے بعد کانگریس نے اپنے ووٹ بینک کے ختم ہوجانے کے خوف سے اِن حملوں کی کوئی تحقیقات نہیں کی۔ پاکستان کے ایٹم بم رکھنے کی وجہ سے ملک کے شہریوں کو اُس سے خوفزدہ کرنے پر کانگریس کی نکتہ چینی کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ پاکستان کی اقتصادی حالت ایسی ہے کہ وہ اِس نازک صورتحال سے باہر نکلنے کیلئے ایٹم بم دوسرے ممالک کو فروخت کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ جناب مودی نے Puri میں شری جگناتھ مندر کے Ratna بھنڈار کی چابیاں غائب ہونے پر بیجو جنتا دل کے سربراہ اور اوڈیشہ کے وزیر اعلیٰ نوین پٹنائک اور اُن کی سرکار کی بھی تنقید کی۔ انھوں نے کہا کہ اوڈیشہ میں BJP کی سرکار بننے کے بعد رَتنا بھنڈار کے تقدس کو یقین بنایا جائے گا۔

وزیر اعظم، جو اڈیشہ کے دو روزہ انتخابی دورے پر ہیں، انھوں نے آج سہ پہر بالن گیر میں خطاب کیا اور بار گڑھ پارلیمانی حلقے میں خطاب کرنے والے ہیں۔ x

Telangana Campaign

تلنگانہ میں لوک سبھا انتخابات کیلئے چناؤ مہم آج شام ختم ہو جائے گی۔ ریاست کے انتخابی افسران نے خوش اسلوبی اور پُرامن طریقے سے ووٹ ڈالنے کے عمل کو یقینی بنانے کیلئے سبھی انتظامات کی اپنی کوششیں تیز کردی ہیں۔

طرف سے 2012 میں دیا گیا تھا۔

بھارت پہلا غیر عرب ملک ہے جس نے 1974 میں فلسطین لبریشن آرگنائزیشن کو، فلسطینی عوام کا واحد اور قانونی نمائندے کے طور پر تسلیم کیا تھا۔ بھارت ایسا ملک بھی ہے جس نے 1988 اور 1996 میں فلسطینی مملکت کو تسلیم کیا تھا۔x

Jaishankar Canada

وزیرخارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ آزادیٔ اظہار کا مطلب علیحدہ پسندی کی حمایت کرنا نہیں ہے۔ کناڈا میں علیحدہ پسندی سے متعلق واقعات کی طرف اشارہ کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ مشاہدے میں آیا ہے کہ علیحدگی پسند اور شدت پسند طاقتیں جس میں سے کئی کھلے طور پر تشدد کی حمایت کرتی ہیں؛ ایسی طاقتوں کو کناڈا کی سیاست میں جگہ دی گئی ہے۔ کل ایک خبررساں ایجنسی سے بات کرتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ کناڈا کی سیاست میں ایسے لوگ اہم عہدوں پر ہیں جو علیحدگی پسندی اور شدت پسندی کو پسند کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جب بھی بھارت نے یہ معاملہ کناڈا کے ساتھ اٹھایا ہے تو کناڈا نے آزادیٔ اظہار کا عذر پیش کیا ہے۔

بھارت-چین روابط پر بات کرتے ہوئے وزیر خارجہ نے کہا کہ ہر ملک اپنے پڑوسی ملکوں کے ساتھ اچھے رشتے چاہتا ہے لیکن آج کی تاریخ میں چین کے ساتھ ہمارے رشتے ٹھیک نہیں ہیں کیونکہ سرحد پر امن اور سلامتی میں خلل پڑا ہے۔ انہوں نے کہا بھارت اِس معاملے پر چین کے ساتھ مسلسل بات کررہا ہے۔ انہوں نے خیال ظاہر کیا کہ حالات کو بہتر بنانے کے لیے دونوں ملکوں کو مل کر بات کرنے کی ضرورت ہے۔x

J&K Shpian Arrests

کشمیر وادی میں پولیس نے آج جنوبی کشمیر کے شوپیاں ضلع میں دہشت گردوں کے دو ساتھیوں کو گرفتار کیا ہے۔ حکام نے کہا کہ پولیس نے فوج کے 44 راشٹریہ رائفلز اور CRPF کی 14ویں بٹالین کے ساتھ مل کر شوپیاں ضلع میں واقع مَلک چِک کراسنگ پر قائم کردہ جانچ چوکی میں دہشت گردوں کے دو ساتھیوں کو گرفتار کیا۔ دونوں Baba محلّہ شوپیاں کے رہنے والے ہیں۔ اُن کے قبضے سے قابل اعتراض مواد بھی برآمد کیا گیا ہے۔ اس دوران ہیر پورہ پولیس اسٹیشن میں قانون کے متعلقہ دفعات کے تحت مقدمہ درج کرکے اِس سلسلے میں تحقیقات شروع کر دی گئی ہے۔ x

IMD Weather

